| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ سے متعارف ہو سکیں۔
- مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی تعمیر کے متعلق جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ سعودی عرب کے شہر مدینہ منورہ میں قائم اسلام کا مقدس ترین مقام ہے۔ ہجرتِ مدینہ کے بعد حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان میں قیام فرمایا۔ اس کے بعد آپ خاتم النبیین ﷺ نے سب سے پہلے مدینہ منورہ میں مسجد کی تعمیر کا ارادہ فرمایا۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۲ سے پہلے پیراگراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو سب سے پہلے مدینہ منورہ میں مسجد کی تعمیر کا ارادہ فرمایا جس زمین کو آپ خاتم النبیین ﷺ نے مسجد کی تعمیر کے لیے پسند فرمایا۔ وہ دو یتیم بچوں سہل اور سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ملکیت تھی۔ ورثہ اور سرپرست اسے ہدیہ کرنے پر بضد تھے اور اس بات کو اعزاز سمجھتے تھے کہ ان کی زمین شرف قبولیت پاکر مدینہ منورہ کی پہلی مسجد بنانے کے لیے استعمال ہو جائے۔ مگر حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ نے بلا معاوضہ وہ زمین قبول نہیں کی اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی پوری قیمت ادا کی۔

- طلبہ کو مسجد کی تعمیر سے متعلق معلومات دیں کہ اس کی تعمیر میں انصار و مہاجرین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ مسجد کی دیواریں کچی اینٹوں اور گارے سے بنائی گئیں۔ مسجد کے ستون کھجور کے تنوں سے، جبکہ چھت کھجور کے پتوں اور شاخوں سے بنائی گئی۔
- طلبہ کو بتائیں مسجد کی تعمیر میں خود نبی خاتم النبیین ﷺ نے بھی شرکت کی۔ مسجد سے متصل امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے لیے حجرے بھی تعمیر فرمائے۔اس کے علاوہ مسجد کے ساتھ ایک چبوترہ بھی بنایا گیا جس کا نام ''صفہ'' تھا۔ یہ ان نادار مسلمانوں کے لیے قیام اور تعلیم کا مرکز تھا جو دور دراز علاقوں سے آئے تھے اور جن کا مدینہ منوّرہ میں اپنا گھر نہ تھا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بضد ہونا | ب۔ضد۔ہونا | ضد پر اڑے رہنا |
| بلا معاوضہ | بِ۔لا۔مُ۔عا۔وَضہ | معاوضے کے بغیر |
| چبوترہ | چ۔بُو۔ت۔ر۔ہ | اونچی جگہ جس پر لوگ بیٹھتے ہیں |
| متّصِل | مَ۔ت۔صل | مِلا ہوا۔پاس |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے پہلے دو سوالات کے جوابات طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

موجودہ دور کی مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی تصویر اپنی کاپی میں لگائیں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: مسجد نبوی خاتم النبیین ﷺ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مسجد نبوی خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمی و معاشرتی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں مسجد نبوی خاتم النبیین ﷺ تعلیمی اور معاشرتی سرگرمیوں کا حصہ تھی۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے زیر اثر تمام اصلاحی اور تعمیری سرگرمیاں یہیں سے انجام پاتی تھیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۲ سے متن "مسجد نبوی خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمی و معاشرتی اہمیت" کی پڑھائی کروائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں صفہ اسلام کی پہلی درس گاہ تھی جہاں اصحاب صفہ اسلام کی تعلیم حاصل کرتے۔ یہیں دور دراز سے آئے وفود کو ٹھہرایا جاتا، جہاد کی تربیت کا مرحلہ بھی اسی جگہ مکمل ہوتا۔ جنگی حکمتِ عملی سے رفاہی کاموں تک، یہ مسجد اہم مرکز قرار پائی۔
- غرض یہ کہ رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے مسجد نبوی خاتم النبیین ﷺ کو صرف عبادت کی جگہ قرار نہیں دیا بلکہ اس سے لوگوں کی سماجی، سیاسی، علمی اور زندگی کے دیگر امور سے متعلق مسائل کے حل کے لیے استفادہ کرتے۔ اس لیے یہ مسجد مسلمانوں کے لیے نہایت اہمیت کی حامل رہی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مرکز | مر۔کَز | اہم مقام |
| حکمت عملی | حک۔مَ۔ت۔عم۔لی | تدبیر |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو(۱) کے سوال(۳)اور(۴) کے جوابات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی بنیادی معلومات اکٹھی کریں اور اپنی کاپیوں میں خوش خط لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی فضیلت اور تاریخی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- روضہ رسول خاتم النبیین ﷺ کے حوالے سے مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف: 5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی تعمیر کے بارے میں سوال کریں۔ مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کے موجودہ رقبہ کے بارے میں بتائیں کہ ایک ہزار پچاس مربع میٹر سے شروع ہونے والی مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ پانچ لاکھ مربع میٹر پر پھیلی ہوئی ہے۔ اسلام میں مسجد کی اہمیت واضح کرتے ہوئے بتائیں کہ معاشرے کی اصلاح کے لیے مساجد اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مساجد علم کی اشاعت کا اہم ذریعہ ہیں۔ مساجد مسلمانوں کی اجتماعیت اور اتحاد کی عکاسی کرتی ہیں۔

**طریقہ تدریس: 20 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر ۴۳ سے متن کی پڑھائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی بڑی اہمیت و فضیلت ہے۔ نبی خاتم النبیین ﷺ کا فرمان ہے کہ: میری اس مسجد میں ایک نماز کا ثواب ایک ہزار نماز کے برابر ہے سوائے مسجد حرام کے۔ (بخاری)
- انھیں بتائیں اس میں ایک جگہ ایسی ہے جو جنت کے باغوں میں سے ہے۔ نبی خاتم النبیین ﷺ کا فرمان ہے کہ میرے منبر اور میرے گھر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ (مسلم)

- طلبہ کو بتائیں اسلام ایک عملی دین ہے۔ نماز ہی وہ عمل ہے جس کی ادائیگی سے انسان عملی طور پر ثابت کرتا ہے کہ وہ مسلمان ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو (۲) کے سوالات کے جوابات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

مشق جزو (۳) اور (۴) کا سوال گھر سے حل کر کے لائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی توسیع کے بارے میں دستاویزی فلم دیکھیں۔